قیمت برائے تقسیم ۳۰/- روپے فی سیکڑہ۔

جواہر الایمان | از مفتی محمد کفایت اللہ مرحوم و مغفور۔ ناشر ادارہ متذکرہ بالا۔ قیمت رعایتی ایک روپیہ۔

صلوٰۃ البرزخ الکبریٰ | از ارشاد حسین صدیقی۔ ناشر ادارہ متذکرہ بالا۔ رعایتی قیمت ۵۰/۱ روپیہ

تعارفی صفحات کے ساتھ یہ ایک طویل درود شریف ہے۔ مؤلف نے اس التزام کے ساتھ یہ طویل درود شریف مرتب کیا ہے کہ اس میں خدا تعالیٰ کے ۹۹ اسماء الحسنیٰ کے ساتھ حضورؐ کے بھی ۹۹ اسمائے مبارکہ شامل ہیں۔ نیز بعض کلمات ماثورات کو بھی شامل کیا ہے۔ مؤلف کا ذہن متصوفانہ ہے، اس لیے اُن کے بہت سے نکات ہم عامیوں کے فہم سے بالاتر ہیں۔ مثلاً یہ قول کہ "حضورؐ کا ہر اسم برزخ کا حکم رکھتا ہے" یا یہ بات کہ اُس ترتیب میں وہ اسرار موجود ہیں جن تک رسائی محض فیضانِ رسالت ہی سے میسر آسکتی ہے"۔ یا یہ ارشاد کہ "تجلّی ذاتی سے عین الایمان یا حقیقتِ محمّدیہ موجود فی الخارج ہوتی ہے"۔ حالانکہ ہم سادہ فکر لوگ حضورؐ کو صرف "عبدہٗ و رسولہٗ" کی حیثیت سے جانتے ہیں فی نفسہٖ درود شریف میں کوئی ناروا بات سرسری نظر سے سامنے نہیں آئی۔

خدا، کائنات اور انسان | از جناب محمد اکرام قریشی ایم۔اے۔ ناشر: احیائے دین لائبریری مسجد ضلع کچہری، سیالکوٹ۔ قیمت درج نہیں۔

عقیقہ | از مولانا علی احمد زاہد جبل پوری۔ ناشر: منظور احمد زاہدی۔ زاہد پبلی کیشنز ۱۰۹ اسی پی دبار سوسائٹی عالمگیر روڈ۔ کراچی ۵۔ قیمت درج نہیں۔

تعارف | از جان فیصل آبادی ایم اے۔ چک ۲۱۳ گ ب براستہ چک نمبر ۴۸۲ گ ب۔ تحصیل سمندری ضلع فیصل آباد۔ قیمت درج نہیں۔ یہ دراصل اُس غیر مطبوعہ کتاب کا تعارف ہے جسے مؤلف نے جواہر القرآن کے نام سے مرتب کیا ہے اور آیاتِ قرآن سے ۸۳۵۵ بنیادی اُصول و قانون اخذ کیے ہیں۔ فہرست موضوعات شامل ہے۔

مخالف رسولؐ کون؟ | از حکیم ہاشمی پوسٹ بکس نمبر ۲۵۰ حیدرآباد سندھ برائے مفت تقسیم۔ موضوع رسالت

کلمۂ طیبہ کا پیغام | از پروفیسر محمد مزمل احسن شیخ۔ ناشر حکیم ہاشمی (پتہ متذکرہ بالا) موضوع توحید۔ مفت تقسیم

متاعِ کارواں | مولانا سید ابوالاعلیٰ مودودی رحمہ اللہ۔ ناشر انجمن تعلیم اسلامی جامعہ اسلامیہ۔